ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (695)

25-12-2021

بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کا کرسمس تہوار کے حوالے ضلع کے چرچ ہائے کا وزٹ، سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، دوران ڈیوٹی سستی ولا پرواہی ہرگز برداشت نہیں، مسیحی برادری کی عبادت گاہوں اوران کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانا ہماری اولین ذمہ داری ہے، ڈی پی او۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان ،ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی فول پروف سیکیورٹی کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد فیصل کامران نے کرسمس تہوار کے حوالے سے ضلع کے مختلف چرچ ہائے کا وزٹ کیا اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، جس میں سٹی سرکل کا "A" کیٹگری کا سینٹ ڈومینک چرچ ماڈل ٹاؤن اے علاقہ تھانہ کینٹ بھی شامل ہے۔ڈی پی او کو چرچز کی سیکیورٹی کے حوالے سے متعلقہ افسران نے بریفنگ بھی دیں۔ڈی پی او نے افسران سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کرسمس تہوار کے حوالے سے سیکیورٹی کے انتظامات مکمل کرکے سیکیورٹی پلان جاری کیا جاچکا ہے۔کرسمس تہوار کے حوالے سے ضلع بھر میں 44 پروگرامز کا انعقاد کیا گیا، جن پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سمیت 01 ہزار کے قریب پولیس افسرن واہلکاران نے اپنے فرائض سرانجام دیئے۔ چرچ ہائے کے ساتھ چھتوں پر بھی سنائپرز تعینات کیے گئے ہیں۔ڈی پی او نے چرچ ہائے کی ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی ڈیوٹی الرٹ ہو کر سرانجام دیں، چرچ ہائے میں داخل ہونے والوں کی ایس او پی کے مطابق تلاشی لی گئی جبکہ اقلیتوں کی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کے حوالے سے واک تھرو گیٹ ،میٹل ڈیٹیکٹر اور بیریئرز کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا۔دوران ڈیوٹی سستی ولا پرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔مسیحی برادری کی عبادت گاہوں اور ان کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا ترجیح ہے۔ ایلیٹ فورس، ڈولفن اسکواڈ، محافظ اسکواڈ اور پولیس موبائلز کی پیٹرولنگ بھی کی جارہی ہے۔ 25 دسمبر کو عام تعطیل اور کرسمس تہوار کے پیش نظر تفریحی مقامات چڑیا گھر، نیشنل پارک لال سوہانرا، SS ورلڈ اور دیگر پبلک مقامات پر سیکیورٹی کے انتظامات کیے گیے ہیں۔کسی بھی ایمرجنسی صورتحال کے پیش نظر ڈی پی او آفس میں کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے، ٹیلی فون نمبر 062-9250363 اور ریسکیو 15 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کا کرسمس تہوار کے حوالے ضلع کے چرچ ہائے کا وزٹ، سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((696

25-12-2021

بہاول پور() پولیس تھانہ بغدادالجد ید کی مجرم اشتہاری کے خلاف کارروائی،ڈکیتی جیسے سنگین مقدمہ میں ملوث کیٹگری A کا مجرم اشتہاری 11 سال بعد گرفتار،مزید اینٹروگیشن جاری،مجرم اشتہاری کی گرفتاری میں تاخیر انصاف میں تاخیر کی واضح وجہ ہے،آزاد مجرمان اشتہاریوں کو قانون کے کٹھرے میں لاکر قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری کے حوالے سے احکامات پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ڈی پی او محمد فیصل کامران کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس بہاول پور نے مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔اس سلسلے میں پولیس تھانہ بغدادالجد ید نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی جیسے سنگین مقدمہ میں ملوث کیٹگری A کے مجرم اشتہاری سرور کو 11 سال بعد گرفتار کرلیا۔گرفتار مجرم اشتہاری سے مزید اینٹروگیشن جاری ہے۔ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ جتنے بھی مجرمان اشتہاری آزاد ہیں دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے سب کو گرفتار کیا جا رہا ہے،عوام کو شرپسند عناصر کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔مقدمات میں ملوث مجرمان اشتہاریوں کے گرفتار ہونے سے مقدمات کو بروقت یکسو کرنے میں مدد حاصل ہوتی ہے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

بہاول پور:ولیس تھانہ بغدادالجدید کی مجرم اشتہاری کے خلاف کارروائی،ڈکیتی جیسے سنگین مقدمہ میں ملوث کیٹگری A کا مجرم اشتہاری 11 سال بعد گرفتار،مزید اینٹروگیشن جاری۔